پیش لفظ کے طور پر مولانا خلیل الرحمٰن صاحب سجاد نے ایک قیمتی اور فکر انگیز۔ مقدمہ تحریر فرمایا ہے' جس میں ان دروس پر سیر حاصل تبصرہ بھی آیا ہے اور اس کے پس منظر کا بھی بغور جائزہ لیا ہے۔ جس کا مطالعہ بھی ان دروس کی مانند از حد ضروری ہے...... صاحب درس حضرت مولانا محمد منظور نعمانی رحمہ اللہ کی شخصیت محتاج تعارف نہیں۔ ان کی علمی اور اصلاحی خدمات سے ایک عالم واقف ہے۔ آپ کی حیات ہی میں آپ کے فضلاء صاحبزادوں نے اپنے والد گرامی قدر کے علمی تگ و تاز کو آگے بڑھانے میں انتہائی نمایاں کردار ادا کیا۔ اور یوں عالم اسلام بالخصوص مسلمانان برصغیر کے لئے اس خاندان کی خدمات کا اعتراف اظہر من الشمس ہے۔

کتاب ظاہری معنی میں بھی انتہائی دلکش اور دیدہ زیب ہے۔ دارالکتاب لاہور کے کار پردازان داد و تحسین کے مستحق ہیں جنہوں نے پاکستان میں یہ علمی سوغات شائع کر کے عوام و خواص اردو دان طبقہ کے ساتھ علماء پر بھی احسان کیا ہے جن کو ہزار ہا صفحات کی ورق گردانی سے بے نیاز کیا ہے۔

---

سوانح شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنیؒ مرتب : مولانا عبدالقیوم حقانی ضخامت: ۲۷۲ صفحات

قیمت: -/۹۰ روپے ملنے کا پتہ: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ خالق آباد نوشہرہ

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنیؒ کی شخصیت اور اس عظیم عبقری ہستی کے بارے میں حکیم الاسلام قاری محمد طیب صاحب قدس سرہ رقمطراز ہیں۔

''انہی گنے چنے نفوس قدسیہ میں سے حضرت اقدس حافظ الحاج السید حسین احمد مدنیؒ شیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند کی ذات ستودہ صفات بھی ہے جو اپنے مخصوص فضائل و کمالات کے لحاظ سے بلاشبہ ایک فرد منفرد ہستی ہے آپ نہ صرف عالم دین ہی ہیں بلکہ عارف باللہ اور مجاہد فی سبیل اللہ بھی ہیں۔ آپ کا علم عارفانہ عمل مجاہدانہ اور اخلاق درویشانہ ہے۔ متضاد احوال و مقامات کو اپنے دامن میں لئے ہوئے ہیں۔''

۱۹۵۸ء میں جمعیۃ العلماء ہند کے ترجمان ''الجمعیۃ'' نے آپ کی ہمہ گیر شخصیت پر تاریخی الجمعیۃ نمبر نکالا تھا۔ اسی طرح آپ پر کئی مقالات اور مضامین اور دیگر قابل مطالعہ کتابیں منصۂ شہود پر آئی ہیں۔ ضرورت اس بات کی تھی کہ ایک مختصر مگر جامع کتاب آپکے احوال و سوانح زندگی پر آ جائے۔ چنانچہ اس ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب نے زیر تبصرہ کتاب ترتیب دی۔ اور معتقدین و منتسبین مدنی کیلئے ایک بہترین مرقع تیار کیا ہے۔ امید ہے کہ عاشقانِ مدنی اس سے حظ وافر اٹھائیں گے۔ ظاہری اور معنوی لحاظ سے کتاب انتہائی دلکش اور دیدہ زیب ہے اللہ تعالیٰ مرتب کو جزائے خیر سے نوازیں جو وقتاً فوقتاً اس قسم کی علمی سوغاتیں امت کے سامنے پیش کر رہے ہیں۔

---